قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا ورد ایامِ حیض میں پڑھنا کیسا؟

مجیب: مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1831

تاریخ اجراء: 19 محرم الحرام 1446ھ/26 جولائی 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

قرآنی آیات پر مشتمل حصار جس میں سورۂ اخلاص، سورۂ ناس اور سورۂ فلق شامل ہیں، کیا عورت حیض کے دنوں میں اس حصار کا ورد کر سکتی ہے؟

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مخصوص ایام میں جس طرح قرآن کریم کی تلاوت کرنا، جائز نہیں اسی طرح اپنے مقصد کے حصول کے لئے وظیفے کی نیت سے قرآنی آیات پڑھنا بھی جائز نہیں اگرچہ یہ وظیفہ ان آیات کا ہو جو دعا و ثناء پر مشتمل ہوں۔ لہٰذا اسلامی بہنیں مخصوص ایام میں سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس وظیفے کی نیت سے نہیں پڑھ سکتیں۔ کیونکہ وظیفے کا مقصود عموماً یہی ہوتا ہے کہ قرآن کی تلاوت سے شفاء یا حصار وغیرہ دیگر جائز مقاصد حاصل ہو جائیں اور یہ واضح ہے کہ اس حالت میں قرآن کی نیت سے ایک لفظ بھی ادا کرنا جائز نہیں۔

ہاں وہ آیت یا سورت جو خالص دعا و ثناء ہو اور قرآن کے لئے متعین نہ ہو اس کو قرآن کی نیت سے نہیں بلکہ دعا و ثنا کی نیت سے ہی پڑھا جائے اور یہ قصد و ارادہ کیا جائے کہ اس دعا و ثناء کی برکت سے شفا یا دیگر جائز مقاصد کا حصول ہو، تو یہ عمل جائز ہوگا۔ لہٰذا پوچھی گئی صورت میں عورت کا مخصوص ایام میں حصار کی غرض سے سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورہ الناس محض دعا و ثناء کی نیت سے پڑھنا، جائز ہے نیز اس میں یہ لحاظ بھی ضروری ہے کہ پڑھتے وقت ان تینوں کے شروع سے لفظ "**قُل**" ہٹا کر پڑھیں۔

امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "یہی حکم دم کرنے لئے پڑھنے کا ہے کہ طلبِ شفا کی نیت تغییرِ قرآن نہیں کر سکتی، آخر قرآن ہی سے تو شفا چاہ رہا ہے، کون کہے گا اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا تا آخر سورت مصرع و مجنون کے کان میں جنب پڑھ سکتا ہے، ہاں جس آیت یا سورت میں خالص معنی دعا و ثنا بصیغۂ غیبت و خطاب

ہوں اور اس کے اول میں قُل بھی نہ ہو، نہ اس میں حروفِ مقطعات ہوں اور اس سے قرآنِ عظیم کی نیت بھی نہ کرے بلکہ دعاوثنا کی برکت سے طلبِ شفا کرنے کے لئے اس پر دم کرے، تو روا ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 1-ب، صفحہ 1115-1116، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

حیض، نفاس استحاضہ وغیرہ سے متعلق مسائل جاننے کیلئے دار الافتاء اہلسنت کی مطبوعہ کتاب **"خواتین کے مخصوص مسائل"** پڑھیں، یہ کتاب مکتبۃ المدینہ کی کسی بھی برانچ سے خریدی جاسکتی ہے نیز اسے نیچے دیئے گئے لنک کے ذریعے بالکل فری ڈاون لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.daruliftaahlesunnat.net/sharebook/ur/778

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net